NSW GOVERNMENT | Education

Written reports for students learning English as an additional language or dialect

Information for parents and carers

بطور اضافی زبان یا لہجے کے انگلش سیکھنے والے طالبعلموں کی تحریری رپورٹیں

والدین اور نگرانوں کیلئے معلومات

محترم والدین اور نگران خواتین و حضرات

آپکو ہر سال آپکے بچے کے سکول کی جانب سے دو رپورٹیں ملتی ہیں۔ یہ رپورٹیں آپکو یہ سمجھنے میں مدد دیں گی کہ آپکے بچے کی پیش رفت کیسی ہے اور آپکا سکول کس طرح آپکے بچے کو سیکھنے میں مدد دے رہا ہے۔ رپورٹ تمام مضامین میں آپکے بچے کی پیش رفت واضح کرے گی۔

بطور اضافی زبان یا لہجے کے انگلش (English as an additional language or dialect (EAL/D)) پڑھنے والے تمام طالبعلموں کی رپورٹیں

اگر آپکا بچہ بطور اضافی زبان یا لہجے کے انگلش پڑھ رہا ہے تو رپورٹ آپکے بچے کی انگلش زبان سیکھنے میں پیش رفت اور انگلش زبان میں اسکی استعداد کا حالیہ مرحلہ دکھائے گی۔ مراحل یہ ہیں: آغاز، ارتقاء، حصول یا پختگی۔ براہ مہربانی صفحے کی پشت پر ان مراحل کی وضاحت دیکھیں۔

EAL/D پروگرام میں شامل طالبعلموں کی رپورٹیں

اگر آپکا بچہ EAL/D پروگرام میں ہے تو اسے EAL/D ٹیچر سے ایک اضافی تحریری رپورٹ ملے گی جس میں انگلش زبان میں اسکی پیش رفت کے بارے میں معلومات ہوں گی۔

نئے آنے والے EAL/D طالبعلموں کی رپورٹیں

اگر آپکا بچہ EAL/D پروگرام میں ہے اور آسٹریلین سکول میں اس نے چار ٹرمز یا اس سے کم وقت گزارا ہے تو آپکے بچے کی تحریری رپورٹ میں اسکی انگلش سیکھنے میں پیش رفت کے بارے میں معلومات کےساتھ ساتھ اسکے دوسرے مضامین میں پیش رفت کی معلومات بھی ہوں گی جو گریڈ کی بجائے ایک تبصرے کی صورت میں ہوں گی۔

انٹینسیو انگلش سنٹروں یا انٹینسیو انگلش ہائی سکول میں داخل نئے آنے والے EAL/D طالبعلموں کی رپورٹیں

اگر آپ کا بچہ انٹینسیو انگلش سنٹر یا انٹینسیو انگلش ہائی سکول میں داخل ہے تو آپکو انگلش سیکھنے میں اسکی پیش رفت کی تحریری رپورٹ ملے گی۔ اسکے ساتھ ساتھ رپورٹ ہائی سکول کی تیاری کے سلسلے میں پڑھے جانے والے تمام مضامین میں پیش رفت دکھائے گی۔

انگلش زبان میں استعداد کے مراحل	
آغاز	آغاز کے مرحلے پر طالبعلم انگلش سیکھنا شروع کر رہے ہوتے ہیں۔ وہ انگلش کے علاوہ کوئی ایک یا ایک سے زیادہ زبانیں بول سکتے ہیں اور شاید اپنی پہلی زبان میں اپنی عمر کے مطابق تحریری استعداد رکھتے ہیں۔ یہ طالبعلم نصاب میں شامل زبان کے سادہ کام انجام دینا شروع کر رہے ہوتے ہیں۔
ارتقاء	ارتقاء کے مرحلے پر موجود طالبعلموں کا انگلش زبان کا علم بڑھ رہا ہوتا ہے۔ یہ طالبعلم بنیادی انگلش سمیت کوئی ایک یا ایک سے زیادہ زبانیں بول سکتے ہیں اور تحریری انگلش کا علم بڑھا رہے ہوتے ہیں۔ جب ان طالبعلموں کو زبان کی مناسب تدریس اور کمرۂ جماعت کی سرگرمیاں مکمل کرنے کیلئے اضافی وقت دیا جائے تو یہ کمرۂ جماعت کی سرگرمیوں میں شریک ہونے اور سیکھنے میں مشغول ہونے کے قابل ہوتے ہیں۔
دوران حصول	دوران حصول کے مرحلے پر طالبعلم، کارآمد انگلش سمیت، ایک یا ایک سے زیادہ زبانیں بول سکتے ہیں اور تحریری انگلش کا علم بڑھا رہے ہوتے ہیں۔ یہ طالبعلم کمرۂ جماعت اور سکول کے معمولات میں فعال طور پر شریک ہوتے ہیں اور بڑھتی ہوئی کامیابی کے ساتھ تعلیمی کاموں میں مشغول ہونے کے قابل ہوتے ہیں۔ انکی پہلی زبان اب بھی مدد کا ایک اہم ذریعہ ہوتی ہے جبکہ وہ انگلش گرامر پر عبور حاصل کر رہے ہوتے ہیں اور اپنا ذخیرۂ الفاظ بڑھا رہے ہوتے ہیں۔
پختگی	پختگی کے مرحلے میں طالبعلم انگلش سمیت ایک یا ایک سے زیادہ زبانیں بول سکتے ہیں اور تحریری انگلش کا ٹھوس علم رکھتے ہیں۔ یہ طالبعلم کمرۂ جماعت اور سکول کے معمولات میں خودمختارانہ طور پر شریک ہوتے ہیں اور عمومی کامیابی کے ساتھ سیکھنے میں انگلش کو استعمال کرنے کی زیادہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہ کئی مخصوص مقاصد کیلئے زبانی اور تحریری متن سمجھتے ہیں اور تیار کرتے ہیں لیکن انہیں اب بھی توجہ کے ساتھ زبان کی تدریس اور ایسی تدابیر کی ضرورت ہوتی ہے جو EAL/D طالبعلموں کی مدد کیلئے ہیں جب مضامین میں علمی زبان بڑھ رہی ہوتی ہے۔

ٹیلیفون انٹرپریٹر (مترجم) سروس

اگر آپ مزید معلومات لینا چاہیں تو براہ مہربانی سکول سے رابطہ کریں۔ اگر آپکو سکول سے رابطہ کرنے کیلئے انٹرپریٹر درکار ہے تو براہ مہربانی 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس (TIS) کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ انٹرپریٹر سکول کو فون کرے گا اور بات چیت میں آپکی مدد کیلئے لائن پر موجود رہے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔